روزنامہ جنگ کراچی پیر 8 مارچ 2021ء

# نیشنل بینک آف پاکستان

# اطلاع برائے بہترواں اجلاس عام

اس نوٹس کے ذریعے اطلاع دی جاتی ہے کہ نیشنل بینک آف پاکستان (دی "بینک") کا بہترواں سالانہ اجلاس عام بروز پیر، **29 مارچ، 2021**، بمطابق پاکستان اسٹینڈرڈ ٹائم صبح 10:30 بجے الیکٹرانک ذرائع پر منعقد ہوگا۔

## عمومی کارروائی

1۔ کراچی میں مورخہ **27 جولائی 2020** کو ہونے والے شیئر ہولڈرز کے غیر معمولی اجلاس عام کی کاروائی کی توثیق۔

2۔ **31 دسمبر 2020** کو ختم ہونے والے سال کے لئے نیشنل بینک آف پاکستان کے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں اور نیشنل بینک آف پاکستان اور اس کے ذیلی اداروں کے مجتمع اکاؤنٹس مع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، ان پر غور اور منظوری۔

3۔ **31 دسمبر 2021** کو ختم ہونے والے سال کے لئے آڈٹ کی تقرری اور ان کے معاوضوں کا تعین۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے **31 دسمبر 2021** کو ختم ہونے والے سال کے لئے میسرز یوسف عادل چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ کی تقرری اور میسرز پی ڈبلیوسی اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز میسرز گرانٹ تھارنٹن انجم رحمٰن چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی جگہ تقرری کی ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز کو ادا کی جانے والی فیس پر سفارش کی ہے۔

## خصوصی کاروائی

4۔ نیشنل بینک کے حصص یافتگان کی جانب سے نیشنل بینک کی برانچوں/سبسڈیریز کی بشمول اشک آباد برانچ، ترکمانستان، باکو برانچ، آذربائیجان بشکیک برانچ، کرغستان، الماتے سبسڈری بینک قزاقستان، اور دوشنبے سبسڈری بینک تاجکستان تحلیل کی منظوری اور نیشنل بینک کے حصص یافتگان کی جانب سے محترم جناب عارف عثمانی صدر نیشنل بینک آف پاکستان کو ضروری قانونی/ریگولیٹری کاغذات پر دستخط کرنے کے اختیارات کی تفویض۔

5۔ چیئرمین کی اجازت سے کسی دیگر کاروباری معاملے پر کارروائی۔

بحکم بورڈ

Sd/-

سید محمد علی ضامن

سیکریٹری (بورڈ)

کراچی

مورخہ: **08 مارچ 2021**

## نوٹ

بینک کی شیئر ٹرانسفر بکس **22 مارچ 2021** سے **29 مارچ 2021** تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ تاہم بینک کے رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99 بلاک "B"، SMCHS، مین شارع فیصل، کراچی۔ 74400 کو مورخہ **19 مارچ 2021** تک کاروباری اوقات ختم ہونے سے پہلے وصول ہونے والے ٹرانسفرز کو اجلاس میں شرکت کے استحقاق کے سلسلے میں بروقت تصور کیا جائے گا۔

## سالانہ اجلاس عام میں شرکت

سیکیورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے سرکلر نمبر EMD/MIS/82/2012 بتاریخ 03 مارچ 2021 کی ہدایات کی روشنی میں کووڈ وبا سے نمٹنے کے لئے ہنگامی انتظامات کے تناظر میں حصص یافتگان کی صحت کو موجودہ وبا سے محفوظ رکھنے کے لئے بینک کا اجلاس عام الیکٹرانک ذرائع (زوم) پر ہوگا

وہ ممبران جن کے نام مورخہ **19 مارچ 2021** کاروباری اوقات ختم ہونے تک بینک کی بکس میں ہوں گے وہ AGM میں شرکت کے اہل ہوں گے۔

AGM میں الیکٹرانک سہولت کے ذریعے شرکت کرنے والے ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ مورخہ **26 مارچ 2021** بوقت 05:00 بجے تک CDC شیئر رجسٹرار سروس لمیٹڈ سے cdcsr@cdcsrsl.com پر خود کو رجسٹرڈ کروالیں اور ان سے التماس ہے کہ وہ مندرجہ ذیل فارمیٹ پر انفارمیشن مہیا کریں۔

| کمپنی کا نام | فولیو نمبر/CDC اکاؤنٹ نمبر | شیئر ہولڈر کا نام | CNIC نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|
| این بی پی | | | | | |
| این بی پی | | | | | |

الیکٹرانک سہولت کی تفصیلات ممبران کی طرف سے فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر فراہم کردی جائیں گی۔ مورخہ **29 مارچ 2021** لاگ ان سہولت صبح 10:00 بجے کھول دی جائے گی تاکہ شرکاء اجلاس شروع ہونے کے مقررہ وقت 10:30 بجے صبح (شارپ) سے پہلے پہچان اور تصدیق کے عمل سے گزر کر اجلاس میں شریک ہوسکیں۔

The Daily Jang dt. 8.3.2021

ممبران اجلاس کے تجویز کردہ ایجنڈا کے بارے میں اپنے تبصرے، تجاویز اور منظوری واٹس ایپ نمبر 0321-8200864 اور ای میل cdcsr@cdcsrsl.com پر مورخہ 26 مارچ 2021 بوقت 05:00 بجے تک فراہم کر سکتے ہیں۔ جو شیئر ہولڈرز اپنے پراکسیز مقرر کرنا چاہتے ہیں ان کو درج ذیل رہنما اصولوں پر عمل کرنا ہوگا۔

## پراکسیز کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنا

1) تمام ممبران جو کہ سالانہ اجلاس میں شرکت اور ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں۔ کسی بھی دوسرے ممبر کو تحریری طور پر پراکسی مقرر کر سکتے ہیں۔ ایک قانونی ادارہ رکن ہونے کے ناطے کسی بھی فرد کی حیثیت سے قطع نظر، خواہ وہ ممبر ہو یا نہیں، پراکسی کے طور پر تقرری کر سکتا ہے۔

2) پراکسی انسٹرومنٹ ہر لحاظ سے مکمل ہونا ضروری ہے اور موثر ہونے کے لئے اجلاس کے انعقاد سے 48 گھنٹے قبل رجسٹرار یا سیکٹری بورڈ نیشنل بینک آف پاکستان سیکنڈ فلور ہیڈ آفس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی کے دفتر پر جمع کروانا ہوگا۔ یا ای میل: cdcsr@cdcsrsl.com پر بھیج سکتے ہیں۔

3) الیکٹرانک ذرائع (ZOOM) کے ذریعے میٹنگ میں شرکت کے لئے پراکسی ہولڈرز کا ای میل ایڈریس اور موبائل نمبر پراکسی فارم میں ہونا ضروری ہے۔

4) اگر کوئی ممبر کسی ایک میٹنگ کے لئے ایک سے زیادہ ممبرز کو پراکسی مقرر کرتا ہے یا کسی پراکسی کے ایک سے زیادہ انسٹرومنٹس رجسٹرار/ بینک کے پاس جمع کروائے جاتے ہیں تو پراکسی کے ایسے تمام انسٹرومنٹس کو غلط قرار دیا جائے گا۔

## شیئر ہولڈرز کو پراکسی تقرری کے لئے درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا

i) انفرادی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد وضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی جاتی ہیں مندرجہ ذیل تقاضوں کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائیں:

الف) پراکسی فارم دو افراد کے بطور گواہ دستخط کے ساتھ جمع کروایا جائے جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی نمبر فارم میں درج ہوں۔

ب) قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی یا بینی فیشل مالکان اور پراکسی کے پاسپورٹ کی کاپی پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائے گی۔

ii) کسی قانونی ادارے کی صورت میں اصلی یا قانونی طور پر توثیق شدہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یا نامزد شخص کے دستخطوں کے نمونے کے ساتھ پاور آف اٹارنی میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ یا سیکٹری بورڈ نیشنل بینک آف پاکستان سیکنڈ فلور ہیڈ آفس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی کے دفتر کو پراکسی فارم کے ساتھ پیش کیا جائے گا یا ای میل: cdcsr@cdcsrsl.com پر بھیج سکتے ہیں۔ (اگر یہ پہلے فراہم نہیں کیا گیا ہو) (پراکسی فارم این بی پی کی ویب سائٹ www.nbp.com.pk پر دستیاب ہے)

- ممبران سے گزارش ہے کہ اپنے پتوں میں کسی تبدیلی کو فوری طور پر بینک کے رجسٹرار/ ٹرانسفر ایجنٹ میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔

## فزیکل حصص کی سی ڈی سی اکاؤنٹ میں منتقلی:

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے تحت موجودہ کمپنی کے لئے اپنے فزیکل حصص کی بک انٹری میں دیئے گئے طریقہ کار کے تحت اور کمیشن کی طرف سے جاری کی گئی تاریخ اور ایکٹ کے نفاذ مورخہ 31 مئی 2017 کے چار سال کے اندر مورخہ 31 مئی 2021 سے پہلے منتقل کرنا ضروری ہوگا۔

جن حصص یافتگان کے پاس فزیکل حصص نہیں، وہ سی ڈی سی میں کسی بروکر کے ذریعے اپنا سب اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں یا بلاواسطہ سی ڈی سی میں انویسٹر اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں تا کہ وہ اپنے حصص سکرپ لیس حالت میں رکھ سکیں۔ یہ کام انہیں ڈیویڈنڈ اور بونس کی ضرورت میں مختلف فوائد حاصل کرنے کے لئے کئی طرح سے فائدہ دے گا۔ اس کے علاوہ وہ اپنے حصص جب چاہیں بیچ سکتے ہیں کیونکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے موجودہ و قوانین کے مطابق حصص کی فزیکل خرید وفروخت کی اجازت نہیں ہے۔

## سالانہ مالی گوشواروں کی بذریعہ ای میل ترسیل

سیکیورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی طرف سے بحوالہ 2014 (1) 787 SRO بتاریخ 08 ستمبر 2014 کے مطابق ان شیئر ہولڈرز کو، جو مستقبل میں مالی گوشوارے ڈاک کے بجائے بذریعہ ای میل وصول کرنے کے خواہشمند ہیں، مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ بینک کی ویب سائٹ یعنی www.nbp.com.pk پر موجود معیاری درخواست فارم پر اپنی باضابطہ رضامندی مع اپنا درست ای میل ایڈریس ظاہر کریں اور مذکورہ فارم کو باقاعدہ طور پر بھر کر اور دستخط کر کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/ پاسپورٹ کی نقول کے ہمراہ بینک کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کر دیں۔ ازراہِ کرم ذہن نشین کر لیں کہ سالانہ مالی گوشوارہ ڈاک کے بجائے بذریعہ ای میل وصول کرنا اختیاری ہے۔ اگر آپ اس سہولت سے مستفید نہیں ہونا چاہتے تو اس اطلاع کو نظر انداز کر دیں۔ سالانہ مالی گوشوارہ آپ کے رجسٹرڈ پتے پر 30 مارچ 2017 کو ہونے والے اڑسٹھویں سالانہ اجلاس عام میں منظوری کے مطابق بذریعہ سی ڈی ارسال کیا جائے گا۔

(اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام کے ساتھ خصوصی کاروائی سے متعلق مادی حقائق کا بیان جو کہ سالانہ اجلاس عام میں زیر غور آئے گا ارکان کو ارسال کیا جا رہا ہے)

NBP National Bank of Pakistan
نیشنل بینک آف پاکستان

قوم کا اپنا بینک

PID (K) 2390/2020